© rasailojaraid.com



# دارالعلوم کے شب و روز

جناب نثار محمد صاحب

**دارالعلوم کے لئے جامعۃ الازہر سے دو مصری مبعوثین کی آمد** دارالعلوم حقانیہ کی عالمگیریت ہمہ جہت کردار اور تاریخ ساز تحریکات کے مرکز علم و دانش کے گہوارے سے پھوٹتی شعاعوں نے دنیا بھر کی آنکھیں چونکا دی ہیں۔ گزشتہ دنوں جامعۃ الازھر کے انتظامی ادارے "مراقبۃ البعوث" کے دو نمائندے شیخ عبدالرحمٰن العسیلی اور الشیخ محمد عبدالرؤف حمود تشریف لائے اور انہوں نے دارالعلوم حقانیہ کے مختلف شعبے دیکھے اور آخر میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کے درس ترمذی کے بعد ایوان شریعت میں طلباء سے تفصیلی خطابات فرمائے۔ اس سے قبل حضرت مولانا شیر علی شاہ صاحب مدظلہ نے معزز مہمانوں کی خدمت میں عربی زبان میں خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ اس موقع پر مصری وفد نے دارالعلوم کیلئے دو مصری اساتذہ کے ایک ہفتہ بعد آنے کی خوشخبری سنائی۔ الحمدللہ دو مصری اساتذہ 12-10-99 بروز منگل کو دارالعلوم تشریف لا رہے ہیں۔ دارالعلوم کے لئے دو مصری اساتذہ کی تقرری مولانا راشد الحق صاحب مدیر الحق کی خصوصی دلچسپی کے باعث ہوئی۔ آپ نے جامعۃ الازھر مصر میں اس کیلئے درخواست پیش کی تھی۔ اور پھر بعد میں مصری کونسلر کی کوششوں سے اس سلسلہ میں کافی پیش رفت ہوئی۔ اسوقت دارالعلوم میں سعودی عرب کی طرف سے حضرت مولانا شیر علی صاحب مدظلہ مبعوث ہیں۔ ماضی میں بھی مصر کے اساتذہ یہاں خدمات سرانجام دیتے رہے۔ لیکن دارالعلوم میں گزشتہ بیس برس سے خالصتاً عربی زبان سیکھنے کے لئے الگ سیکشن نہیں تھا جو مدیر الحق صاحب کی شدید خواہش کے بعد الحمدللہ اب جامعہ کو میسر آیا۔ انشاءاللہ آئندہ تعلیمی سال سے باقاعدہ یہ شعبہ شروع ہوگا۔

**جے یو آئی (ف) کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری اور دیگر معزز مہمانوں کی دارالعلوم تشریف آوری** گزشتہ دنوں جمیعت علماء اسلام (ف) کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری (سابقہ ایم این اے) اور پنجاب کے امیر مولانا عبداللہ بھکر حضرت مولا

© rasailojaraid.com